آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبر نامہ لے کر میں سید مبشر رُفاعی۔۔

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

07.40 PM 14/01/2026

ہیڈ لائینز

*........ وزیر اعظم نریندر مودی نے قوم کی تعمیر اور ملک کو خود انحصار بنانے میں کسانوں کے کلیدی رول کو کیا اُجاگر ۔

*........ ملک میں آج منایاجا رہا ہے دسواں ڈیفنس فورسز ویٹرنز ڈے ۔

*........ سابق فوجی امن و قانون بر قرار رکھنے نیز قوم کی ترقی کو یقینی بنانے میں کرتے ہیں اہم رول ادا // ایل جی منوج سنہا ۔

*........ دسویں اور بارویں جماعت کے سالانہ ریگولر امتحانات کے نتائج کا اعلان ۔

PM

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ کسان قوم کی تعمیر میں ایک مضبوط شراکت دار کی حیثیت رکھتے ہیں اور ان کی کاوشیں خود انحصار بھارت مہم کو بڑے پیمانے پر مستحکم کرتی ہیں۔ انہوننے کہاکہ حکومت کسانوں کو با اختیار بنانے کی وعدہ بند ہے اور اس تعلق سے خاطر خواہ اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

وزیر اعظم نے ان باتوں کا اظہار آج نئی دلی میں اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن کی رہائش گاہ پر پونگل کے سلسلے مینمنعقد ہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوننے کہا کہ پونگل تمل کلچر اور قدرت کے ساتھ اس کے رشتوں کو مستحکم کر تا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پونگل عالمی سطح کا تہوار بن گیا ہے اور اس سے ملک کے کسانوں کی محنت کی عکاسی ہو تی ہے۔

دن

آج ڈیفنس فورسز ویٹرنزڈے منایاجاتا ہے ۔ یہ دن ہر سال بھارتی فورج کے پہلے کمانڈر ان چیف فیلڈ مارشل KM Cariappa کی بے مثال خدمات کو یاد کرنے کیلئے منایاجاتا ہے ۔ وہ آج ہی کے دن 1953میں سبکدوش ہوئے تھے۔

**وٹرنز**

**صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے مسلح افواج کے سابق فوجیوں کے دن کے موقع پر سابق فوجیوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔**
**اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے کہا کہ اپنی مدت کے دوران سابق فوجیوں کی دلیری اور شجاعت کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا ہے ۔**

**Veterans لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی آرمڈ فورسز ڈے کے موقع پر تمام سابق فوجیوں کو مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے سابق فوجیوں کی بے لوث خدمات اور ملک کی حفاظت اور سالمیت کو برقرار رکھنے کے تئیں اُن کے غیر متزلزل عزم کو خراج تحسین پیش کیا ہے ۔**

**راجناتھ**

**وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ مسلح افواج کے سابق فوجی مجموعی ہمت اور قومی ذمہ داری کے نمایاں ستون کے ساتھ ساتھ آنے والی نسلوں کیلئے ترغیب کا ذریعہ ہیں ۔**

**نئی دلی میں آج آرمڈ فورسز ویٹرنز ڈے کے سلسلے مینمنعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہاکہ ویٹرنز قوم کی تعمیر کے ہر پہلو میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور وہ اپنے نظم وضبط ، قائدانہ صلاحیتوں اور ہمت جیسے اقدارسے سماج کی رہنمائی کرتے ہیں۔**

**ایل جی**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہاہے کہ سابق فوجیوں کی دلیری صرف جنگی میدانوں تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ وہ امن و امان بر قرار رکھنے نیز قوم کی ترقی کو یقینی بنانے میں بھی کلیدی رول ادا کرتے ہیں۔**

**راجوری میں آج دسویں ویٹرنز ڈے کے سلسلے میں منعقد ہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے سابق فوجیوں ، ویر ناریوں اور ان کے اہل خانہ کو خراج تحسین پیش کیا ۔**

**........Byte........**

**اس موقعے پر ایل جی نے Wall of Fame کا افتتاح کرنے کے علاوہ ویٹرنز کےلئے مخصوص پولیس ہیلپ لائن کو بھی لانچ کیا۔**

دِویدی

بھارتی فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دِویدی نے کہا ہے کہ آپریشن سندو ر ملک کے عزم اور استقلال کی ایک جیتی جاگتی مثال ہے ، جس دوران مسلح افواج کے اخلاقی کے NCC مضبوطی اور پیشہ ورانہ عظمت کی بھر پور عکاسی ہوئی ۔آج نئی دلی میں ریپلک ڈے پریڈ کیمپ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ آپریشن سندور کے دوران 75ہزار سے زائد کیڈٹوں نے ملک میں سول ڈیفنس ، Hospital Adminstration ، ریلیف اور کیمونٹی خدمات میں رضا کارانہ طور پر کام کیا۔

مکر سنکراتی

فصل کی کٹائی کا تہوار مکر سنکرانتی آج ملک کے مختلف حصوں میں منایا جا رہا ہے۔مکر سنکرانتی، سردیوں کے اختتام اور طویل دنوں کی شروعات کی ایک علامت کے طور منایا جاتا ہے۔

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اوروزیر اعظم نریندر مودی نے مکر سنکرانتی کے موقع پر ملک کی عوام کو مبارکباد دی ہے۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیراعلی عمر عبداللہ نے بھی اس موقع پر جموں کشمیر کی عوام کو مبارکباد دی ہے۔

اپنے الگ الگ سوشل میڈیا پوسٹس میں انہوں نے دعا کی کہ یہ تہوار جموں و کشمیر کی تعمیر و ترقی اور عوام کی خوشحالی کی نوید لے کر آئے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج جموں میں سماجی بہبود محکمے کے افسران کی ایک میٹنگ میں مشن پوشن ، مشن شکتی اور مشن وتسالیہ کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔

انہوں نے وکست بھارت2047کے منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں ان سکیموں کی اہمیت کو اُجاگر کرتے ہوئے ان کے فوائد مستحقین تک پہنچانے کی ہدایت دی۔

یونیورسٹی

کشمیر یونیورسٹی کے باٹنی شعبے کی طرف سے چراگاہوں کی بحالی سے متعلق منعقد کیا گیا دو روزہ ورکشاپ آج اختتام پذیر ہوا ۔کشمیر یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے کل اس کا افتتاح کیا تھا اور آج گاندربل کے ولی

وارعلاقے میں اس کی اختتامی تقریب منعقد ہوئی ، جہاں ماہرین نے وہاں کے کسانوں بالخصوص گجر اور بکرال طبقے سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو چراگاہیں بحال کرنے اور انہیں تحفظ دینے سے متعلق امور کے بارے میں جانکاری دی۔

ورکشاپ کی اہمیت کے تعلق سے باٹنی شعبے کے پروفیسر اور ورکشاپ کے کارڈ نیٹر منظور احمد شاہ نے آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

## سپیکر

قانون ساز اسمبلی کے ا سپیکر عبدالرحیم راتھر نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران نیشنل ای۔ وِدھان ایپلیکیشن پروجیکٹ کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔

عبدالرحیم راتھر نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ وہ اس پروجیکٹ کو معیاد بند پروجیکٹ کی عمل آوری سے جمونو NeVA مدت میں مکمل کریں۔ واض رہے کہ کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں کام کاج کو پیپر لیس بنایا جائیگا۔

## بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر DTH اور AIR خبرینآپ آکاشو انی کے موبائیل ایپلیکشن نیوز آن سکتے ہیں۔

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، شہر شہر منظر ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر اور نئی منزلیں ، کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ٹیلی فون نمبر پر بھیج Radiokashmir@gmail.com 2452019-0194 اور ای میل ایڈریس سکتے ہیں ۔

## نتائج

جموں کشمیر بورڈ آف اسکول ایجوکیشن کی طرف سے آج دسویں اور بارویں جماعت ریگولر امتحانات کے نتائج کا اعلان کیا گیا۔

تفصیلات کے مطابق دسویں جماعت میں85فیصد جبکہ بارویں جماعت میں84فیصد امید واروں نے کامیابی حاصل کی ۔

دسویں جماعت کے امتحانات میں شامل 94ہزار845امید واروں میں سے80ہزار650 امید وار کامیاب رہے ۔

اسی طرح بارویں جماعت کے امتحان میں70ہزار 735امید واروں میں59ہزار435امید وار کامیاب قرار دیئے گئے ۔ سائنس کے شعبے میں کشمیر ہاروڈ سکول حبک نسیم باغ سرینگر سے تعلق رکھنے والی حفصہ نے سو فیصد نمبرات حاصل کرکے پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔

کامرس کے شعبے میں اسی اسکول کی صالحہ نبی وانی نے 99اعشاریہ6فیصد، آرٹس کے شعبے میں گورنمنٹ ہائر اسکنڈری اسکول مٹن اننت ناگ کی تابن ریاض نے سو فیصد نمبرات اور ہوم سائنس کے مضمون میں گورنمنٹ گرلز ہائر اسکنڈری اسکول کوٹھی باغ سرینگر کی طالبہ عابدہ یعقوب نے96اعشاریہ6فیصد نمبرات حاصل کرکے پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔

سکینہ

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے 10ویں اور12ویں جماعت کے کامیاب امید واروں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں انہوننے ان امید واروں کی محنت اور لگن کی ستائش کی۔

ہمارے نمائندے خورشید پڈرو کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے کہا۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے دسویں اور بارویں جماعت کے امتحانات مینکامیابی حاصل کرنے والے تمام طلباءکو مبارکباد پیش کی ہے ۔ ایک بیان میں انہوں نے امید ظاہر کی ہے کہ نوجوان آگے بڑھ کر تعلیم ، سائنس ، تحقیق اور سماجی خدمات کے شعبے میں جموں کشمیر اور ملک کا نام روشن کریں گے۔

درخشاں

وقف بورڈ کی چیرپرسن ڈاکٹر سید درخشان اندرابی نے وقف کے زیر اہتمام تعلیمی اداروں کی دسویں جماعت نتائج میں بہترین کارکردگی پر مسرت کا اظہار کر تے ہوئے طلباءکو مبارکباد دی ہے۔

ایک پریس بیان میں انہوننے کہاکہ پچھلے تین برسوں کے دوران وقف کے اسکولوں کی کارکردگی میں لگاتار اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوننے ان نتائج سے بچوں اور والدین کی حوصلہ افزائی ہو گی۔

عہدہ

اس دوران جمونو کشمیر بورڈ آف سکول ایجوکیشن کے سیکریٹری غلام حسن شیخ نے آج باضابطہ طور بورڈ کے چیرمین کا عہدہ سنبھالا

چیکنگ سکارڈ

شب معراج کی آمد کے پیش نظر فوڈ سیفٹی محکمے کی انٹلی جنس کم لیگل سیل نے آج بانڈی پورہ قصبے کے مختلف بازاروں میں اشیائے خوردنی کی دستیابی اور معیار کا جائزہ لیا۔

محکمے کے ڈپٹی کمشنر کشمیر کی نگرانی میں چلائی گئی اس خصوصی مہم کے دوران غیر معیاری اشیائے خورو نوش بیچنے والے کئی دکانداروں سے28ہزار روپے کا جرمانہ وصول کیا گیا۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے ایک افسانہ نگار شکیل الرحمان نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

جموں پولیس

منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کاروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے جمونمیں پنجاب کے رہنے والے سومناتھ اور جموں کے رہنے والے Manav اور ہر پریت سنگھ نامی ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے ۔اُن کے قبضے Sonte سے نشیلی اشیاءکی کچھ مقدار بر آمد کی گئی ہے۔

اس دوران کشتواڑ میں جنید احمد نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا گیاہے ۔

پولیس نے جموں میں جھجر کوٹلی کے مقام پر ایک ناکے پر 60کلو گرام افیون ضبط کی ۔اس موقعے پر ہوشیار پورپنجاب کے رہنے والے گرمیت سنگھ نامی ٹرک ڈرائیور کو گرفتار کیاگیا ۔

کشمیر پولیس

کے سمیر احمد وگے اور ہائیگام Wahibugh ادھر پولیس نے آج نیوہ پلوامہ میں نامی ڈرگ سمگلروں کو Musair Bashir سوپور میں ویر کالونی الائی باغ کے گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

دریں اثناءڈسڑکٹ پولیس لائنز کپواڑہ میں پولیس نے ضلع ایس پی الطاہر گیلانی کی صدارت میں شہید پولیس اہلکاروں کے اہل خانہ سے میٹنگ منعقد کی۔ جس کا مقصد ان کی بہبود سے متعلق مسائل کو حل کرنا تھا۔

اونتی پورہ پولیس نے آج ایک روٹین پیٹرولنگ کے دوران غیر قانونی طور سمگل کئے جا رہے شراب کو ضبط کر کے ایک شخص کو گرفتار کیا۔

پولیس نے پلوامہ کے للہار گاؤں میں ایک آپریشن کے دوران8کلو گرام نشیلی اشیاءبرآمد کی۔ اس معاملے میں للہار کے ارشاد احمد ڈار نامی شخص کو گرفتار کیا گیا ہے۔

مطالبہ

عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس کی کارروائیوں کی سراہنا کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر موثر تلاشی کارروائیوں کے ذریعے ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جانے چاہیں۔

انتقال

وادی کے ایک معروف صحافی اور کشمیر ٹرولر کے مدیر اعلیٰ نثار پیرزادہ کے انتقال پر کئی صحافتی ،سماجی ،ادبی اور سیاسی شخصیات اور تنظیموں نے دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کی ۔

مرحوم طویل علالت کے بعد آج صبح انتقال کر گئے اور انہیں ترال پائین میں اپنے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا ۔

ریڈیو لسنرس ایسو سی ایشن نے بھی مرحوم کے انتقال پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔

ست شرما

British Ravidassia بی جے پی کے صدر اور ممبرپارلیمنٹ ست شرما کو کی طرف سے ایک مکتوب موصول ہوا ہے جس میں Heritage Foundation

مرکزی حکومت سے فروری2027میں گرو روی داس جی کا650واں جنم دن سرکاری طور منانے کی درخواست کی گئی ہے۔

مہوترا

اس دوران پارٹی کے میڈیا انچارج ڈاکٹر پردیپ مہو ترا نے سند ھ طاس معاہدے کی حمایت کرنے پر پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی کو ہدف تنقید بنایا ہے۔

ڈاکٹر مہوترا نے کہا ہے کہ یہ معاہدہ ملک کے مفادات کے خلاف ہے۔

BJP

ایکٹ2025 VB-G RAM G بی جے پی جمونو کشمیر کی طرف سے آج جموں میں سے متعلق ایک پریس کانفرنس منعقد کی گئی جس میں پارٹی کے کئی لیڈروں نے اس ایکٹ کی افادیت اور مثبت پہلوؤں پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے جموں کشمیر میں بقول ان کے ابتر ہو رہی بجلی کی صورتحال پر تشویش کا اظہا رکیا ہے۔

ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ بجلی آنکھ مچولی کی وجہ سے عام لوگوں ، طلباءاور مریضوں کو سخت مشکلات کا سامنا کر نا پڑ رہا ہے۔

تعطیلات

محکمہ تعلیم جموں کے گرمائی زون میں تمام سرکاری اور پرائیویٹ سکولوں میں سرمائی تعطیلات17جنوری تک بڑھا دی ہے ۔ تاہم ڈائریکٹوریٹ آف سکول ایجوکیشن جموں کی جانب سے جاری ایک حکم نامے میں بتایا گیا ہے کہ 10ویں اور12ویں جماعت کے امتحانات شیڈول کے مطابق لئے جائیں گے۔

ڈاکٹرمختار موسم

وادی میں ان دنوں خشک موسمی صورتحال جا ری ہے۔ اگر چہ دن میں ہلکی دھوپ کھلی رہتی ہے تاہم رات کے دوران درجہ حرارت نقطہ انجماد سے نیچے گر جا تا ہے۔

آنے والی موسمی صورتحال کے تعلق سے سرینگر میں محکمہ

---

ۂ موسمیات کے سربراہ ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

## موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے24گھنٹوں کے دوران جموں کشمیر میں موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت13اعشاریہ3 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی5اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت7 اعشاریہ4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صب□7بجکر36منٹ اور

غروب آفتاب شام5 بجکر44منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صب□ 7.45 منٹ پر

کشمیری زبان میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

..................................................

..........................

........